## منتخب نمائندگان مصیبت کی گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کی ہرممکن مدد کریں، الطاف حسین

## کراچی میں طوفانی بارشوں کے دوران مختلف حادثات میں ہونے والی ہلاکتوں پر اظہار تعزیت

لندن۔۔۔11، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی میں شدید طوفانی بارشوں کے دوران مختلف حادثات میں ہونے والی ہلاکتوں پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے افراد کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ جناب الطاف حسین نے طوفانی بارشوں کے دوران مختلف حادثات میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران و کارکنان اور حق پرست منتخب نمائندگان کو ہدایت کی کہ وہ بارش سے متاثرہ افراد کی امداد اور ان کے مسائل کے حل کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور مصیبت کی اس گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کی ہرممکن مدد کریں۔

## کورنگی میں ایک ہی خاندان کے سات افراد کے جاں بحق ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

## جاں بحق ہونے والے ایم کیوایم روہڑی سیکٹر کندرہ کے یونٹ انچارج کے رشتہ دار تھے

لندن۔۔۔11، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی کے علاقے کورنگی میں طوفانی بارشوں کے دوران چھت گرنے سے ایم کیوایم روہڑی سیکٹر کندرہ یونٹ کے انچارج خدابخش کی ہمشیرہ، بہنوئی، ایک بھانجی اور چار بھانجوں کے جاں بحق ہونے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے خدابخش سمیت مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے ایم کیوایم کا ایک ایک کارکن ان کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## کورنگی میں گھر کی چھت گرنے کے حادثے میں جاں بحق ہونے والے ایک ہی خاندان کے سات افراد متحدہ قومی موومنٹ کندرہ یونٹ کے انچارج خدابخش کی ہمشیرہ، بہنوئی اور ان کے بچے تھے

کراچی ۔۔۔11، اگست 2007ء

کراچی میں شدید طوفانی بارشوں کے نتیجے میں کورنگی میں گھر کی چھت گرنے کے حادثے میں جاں بحق ہونے والے ایک ہی خاندان کے سات افراد متحدہ قومی موومنٹ کے ذمہ دار کے رشتہ دار تھے۔ تفصیلات کے مطابق جمعہ کے روز کراچی میں ہونے والی طوفانی بارشوں کے دوران کورنگی نمبر ڈھائی کے پہاڑی محلّہ میں گھر کی چھت گرنے سے جاں بحق ہونے والے ایک ہی خاندان کے سات افراد ایم کیوایم روہڑی سیکٹر یوسی 23، کندرہ یونٹ کے انچارج خدابخش کی ہمشیرہ، بہنوئی، بھانجے اور بھانجی تھیں۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی حق پرست رکن سندھ اسمبلی عامر معین، کورنگی ٹاؤن کے حق پرست ناظم عارف خان ایڈوکیٹ، یوسی ناظم، نائب ناظم، کونسلرز، ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کمیٹی کے ارکان، علاقائی ذمہ داران اور کارکنان جائے حادثہ پہنچ گئے اور ایدھی ایمبولینسوں کے ذریعے میتوں کو اسپتال پہنچایا گیا۔ دریں اثناء ایم کیوایم کندرہ یونٹ کے انچارج خدابخش اپنے اہل خانہ کے ہمراہ کراچی پہنچ گئے ہیں علاوہ ازیں ایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان نے کورنگی جاکر خدابخش سے ملاقات کی اور ان سے المناک حادثے پر دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ مزید براں مرحومین کو کل بروز اتوار کو مقامی قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا۔

## ملک کو چند خاندان دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں، ارکان قومی اسمبلی

## جاگیردار طبقہ اسی لئے ایم کیوایم دشمنی میں ایک ہے کہ ایم کیوایم ان کی لوٹ مار کے خلاف ہے

## 2005ء میں چینی کی مصنوعی قلت کے حوالے سے سپریم کورٹ میں پیش کی جانے والی نیب کی رپورٹ میں نواز شریف، آصف زرداری اور حکمراں جماعت کے بعض رہنماؤں کے نام شامل ہیں

کراچی ۔۔۔11 اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ چینی کی ذخیرہ اندوزی کرنے والے شوگر ملز مالکان کے بارے میں نیب کی جانب سے سپریم کورٹ میں پیش کی گئی رپورٹ سے ملک کو لوٹنے والے ایک بار پھر عوام کے سامنے بے نقاب ہوگئے ہیں۔اپنے ایک بیان میں ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ ایم کیوایم ہمیشہ سے یہ کہتی آئی ہے کہ ملک کو چند مخصوص خاندان دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں جو چہرے بدل بدل کر گزشتہ 60 سال سے حکمرانی کر رہے ہیں، جو سرکاری خزانے سے اربوں کھربوں روپے کے قرض لیکر کھا گئے، جو محض اپنے مالی فائدے اور اپنی دولت میں اضافے کیلئے ملک میں ہر دور میں کبھی چینی کی اور کبھی آٹے کی قلت پیدا کرتے ہیں اور ذخیرہ اندوزی کرتے ہیں اور غریب و متوسط طبقہ کے عوام کو پریشانی اور اذیتوں میں مبتلا کرتے ہیں۔ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ 2005ء میں ملک میں ہونے والی چینی کی مصنوعی قلت کے حوالے سے نیب نے جو رپورٹ سپریم کورٹ میں پیش کی ہے اس میں مسلم لیگ کے سربراہ میاں نواز شریف، پیپلز پارٹی کے رہنما آصف زرداری اور موجودہ حکمراں جماعت کے بعض رہنماؤں کے نام بھی شامل ہیں جو شوگر ملوں کے مالکان ہیں جنھوں نے اپنی ملوں میں ہزاروں میٹرک ٹن چینی ذخیرہ کر کے ملک میں شکر کی مصنوعی قلت پیدا کی۔ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ اس رپورٹ سے ایک بار پھر جاگیرداروں، وڈیروں اور سرمایہ داروں کے وہ چہرے عوام کے سامنے بے نقاب ہوگئے ہیں جو حکومت میں ہوں یا اپوزیشن میں لیکن وہ ہر دور میں عوام کو لوٹتے رہے ہیں، جاگیرداروں، وڈیروں ، سرداروں اور سرمایہ داروں کا یہ طبقہ اسی لئے ایم کیوایم دشمنی میں ایک ہے کہ ایم کیوایم ان کی لوٹ مار کے خلاف ہے اور بارہا یہ اعلان کرتی ہے کہ جس دن ملک پر ایم کیوایم کی حکومت آئی وہ ملک کو لوٹنے والوں سے لوٹی ہوئی دولت کی ایک ایک پائی وصول کرے گی۔ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ عوام کو اب اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے کہ کون ان کا دوست ہے اور کون ان کو لوٹنے والا ہے۔

## ڈاکٹر فاروق ستار، صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد اور رکن سندھ اسمبلی عامر معین نے طوفانی بارشوں سے متاثرہ کورنگی کے مختلف کا دورہ کیا

## ایک ہی خاندان کے سات افراد اور دیوار گرنے سے بچہ کے جاں بحق ہونے پر گھر جا کر تعزیت کی

کراچی ۔۔۔11، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، حق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد اور رکن سندھ اسمبلی عامر معین نے کورنگی ڈھائی نمبر میں طوفانی بارشوں کے نتیجے میں گھر کی چھت گرنے سے ایم کیوایم روہڑی سیکٹر کندرہ یونٹ کے انچارج خدا بخش کی ہمشیرہ اور بہنوئی سمیت سات افراد کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور ان کے گھر جا کر سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کی۔ بعدازاں انہوں نے ایک مکان کی دیوار گرنے کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے بچے کے لواحقین سے بھی ملاقات کی اور ان سے دلی تعزیت کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کمیٹی کے ارکان اور علاقائی ذمہ داران بھی انکے ہمراہ تھے۔وہ کچھ دیر تک سوگوار لواحقین کے ساتھ رہے اور انہوں نے جاں بحق ہونے والے افراد کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔دریں اثناء ڈاکٹر فاروق ستار اور دیگر نے کورنگی کے علاقے نورانی کالونی اور دیگر علاقوں کا دورہ کیا اور طوفانی بارشوں سے متاثرہ افراد سے ملاقات کی۔اس موقع پر متاثرہ خاندانوں نے انہیں طوفانی بارشوں کے نتیجے میں عوام کو درپیش مشکلات سے آگاہ کیا جس پر ڈاکٹر فاروق ستار نے موقع پر موجود رکن سندھ عامر معین کو شکایات نوٹ کرنے اور انہیں جلد از جلد حل کرانے کی ہدایت کی۔علاوہ ازیں انہوں نے پاکستان چوک گراؤنڈ کورنگی میں دیوار گرنے کے باعث زخمی ہونے والی بچی کی رہائشگاہ جا کر اس کی عیادت کی اور بچی کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی۔

## ایم کیوایم بلاتفریق رنگ ونسل عوام کی خدمت پریقین رکھتی ہے،شیخ لیاقت،انور عالم،عبدالحسیب
## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت بارش سے متاثرہ درجنوں خاندانوں میں امدادی سامان تقسیم کیا گیا

کراچی۔۔۔11/اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت کراچی میں طوفانی بارشوں سے متاثرہ درجنوں خاندانوں میں بھاری مالیت کی غذائی اجناس اورروزمرہ استعمال کی دیگر اشیاء تقسیم کی گئیں۔اس سلسلے میں ہفتے کے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر میں ہنگامی بنیادوں پرامدادی تقریب منعقد کی گئی جس میں کراچی کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے بارشوں سے متاثرہ افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔اس موقع پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر اور رابطہ کمیٹی کی ڈپٹی کنوینر شیخ لیاقت حسین،رابطہ کمیٹی پاکستان انچارج انور عالم،جوائنٹ انچارج عبدالحسیب نے متاثرین میں امدادی سامان تقسیم کیا۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے متاثرہ خاندانوں میں تقسیم کی جانے والی امدادی اشیاء میں آٹا، چاول،دالیں،گھی اور روزمرہ استعمال کی دیگر اشیاء شامل ہیں۔قبل ازیں امدادی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شیخ لیاقت حسین ،انور عالم اورعبدالحسیب نے کہا کہ دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت ایم کیوایم کا نصب العین ہے،ایم کیوایم بلاتفریق رنگ ونسل غریب عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے منتخب نمائندوں اور کارکنان کو ہمیشہ دکھی انسانیت کی خدمت درس دیا ہےاورایم کیوایم کے نمائندے مصیبت کی گھڑی میں عوام کی عملی خدمت میں مصروف ہیں۔

## حق پرست نمائندگان کی جانب سے بارش سے متاثرہ کراچی کے مختلف علاقوں کے ہنگامی دورے
## علاقوں میں نکاسی آب اور صفائی کے انتظامات کا جائزہ لیا

کراچی۔۔۔11،اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان اسمبلی نے بارش سے متاثرہ کراچی کے مختلف علاقوں کے دورے کیے اور متاثرہ علاقوں میں نکاسی آب اور صفائی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔تفصیلات کے مطابق حق پرست رکن قومی اسمبلی حیدرعباس رضوی اوررکن سندھ اسمبلی فیصل سبزواری نے گلشن اقبال پرانی سبزی منڈی اوراولڈ کراچی کے مختلف علاقوں کا دورہ کیااورمتاثرہ افراد سے ملاقات کی ۔انہوں نے اس موقع پرجمع ہونے والے افراد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے درس کے مطابق آزمائش کی اس گھڑی میں بھی حق پرست نمائندے عوام کے درمیان ہیں اوران کے مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہیں۔اسی طرح حق پرست رکن سندھ اسمبلی معین خان نے نارتھ کراچی، نیوکراچی،لیاقت آباد، نارتھ ناظم آباد،حق پرست رکن سندھ اسمبلی امام الدین شہزاد نے ملیر،شاہ فیصل کالونی، لائینز ایریا اورحق پرست رکن سندھ اسمبلی عبدالقدوس نے اورنگی ٹاؤن اور قصبہ علی گڑھ کالونی کے مختلف علاقوں کے دورے کیے اورطوفانی بارشوں کے نتیجے میں علاقوں میں جمع ہونے والے پانی کی نکاسی اورصفائی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے کہا کہ یہ حق پرست نمائندوں کی شب وروز محنت کا نتیجہ ہے کہ کراچی میں ریکارڈ بارش ہونے کے باوجودسڑکوں پر پانی کھڑا رہنے کی صورتحال وہ نہیں رہی جو ماضی میں ہوا کرتی تھی۔انہوں نے کہا کہ ریکارڈ بارشوں کے باعث کراچی کے برساتی نالوں بھرجانے کے باعث سڑکوں پر پانی جمع ہوا ہےجس کی نکاسی کا سلسلہ جاری ہے۔اس موقع پر علاقے کے عوام نے عوامی مسائل کے فوری حل پر ایم کیوایم کے نمائندوں کے اقدامات کی تعریف کی۔

## آزاد کشمیر میں پولیس نے متاثرین زلزلہ کی درخواست وصولی کے سلسلے میں لگائے گئے ایم کیو ایم کا کیمپ اکھاڑ دیا

## معاملے کو آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں اٹھایا جائے گا اور متاثرین کو انصاف دلانے کی کوششیں جاری رہیں گی، طاہر کھوکھر

مظفر آباد۔۔۔11، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ آزاد کشمیر کی جانب سے چھتر کے مقام پر متاثرین زلزلہ سے درخواستوں کی وصولی کے سلسلے میں لگائے گئے شکایات سیل کو پولیس کی بھاری نفری نے گزشتہ روز زبردستی اکھاڑ پھینکا۔تفصیلات کے مطابق 8 اکتوبر 2005ء کو آنے والے زلزلے کے بیشتر متاثرین کو حکومت کی جانب سے تاحال امداد نہیں مل سکی جس کی وجہ سے متاثرین پریشانی میں مبتلا ہیں۔ ایم کیو ایم آزاد کشمیر نے اس سلسلے میں چھتر کے مقام پر ایک کیمپ لگایا تھا جہاں زلزلہ کے متاثرین سے درخواستیں وصول کی جارہی تھی جنہیں 8، اکتوبر کے زلزلہ کے بعد سے اب تک معاوضہ نہیں مل سکا ہے۔کیمپ میں ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے جوائنٹ انچارج ملک تنویر اور دیگر ذمہ داران موجود تھے اور متاثرین کی ایک بڑی تعداد درخواستوں کے ہمراہ کیمپ پر پہنچی ہوئی تھی کہ تقریباً 12 بجے پولیس کی بھاری نفری نے اچانک ایم کیو ایم کے کیمپ کو گھیرے میں لے لیا اور کیمپ سمیت بینرز، ایم کیو ایم کے پرچم اور جناب الطاف حسین کی تصاویر کو اکھاڑ پھینکا۔ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے رہنماؤں نے پولیس کی اس کارروائی پر احتجاج کیا تو پولیس نے انکے ساتھ بھی بدتمیزی کی اور کہا کہ آئی جی پولیس کا حکم ہے کہ ایم کیو ایم کو کسی قسم کا کیمپ نہیں لگانے دیا جائے۔اس موقع پر صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے جوائنٹ انچارج ملک تنویر نے کہا کہ آزاد کشمیر حکومت کا آج یہ دعویٰ جھوٹ ثابت ہو گیا ہے کہ 90 فیصد زلزلہ متاثرین کو معاوضہ کی ادائیگی کی جاچکی ہے کیوں کہ ایم کیو ایم کے کیمپ پر دو گھنٹے میں تقریباً دوسو سے زائد شکایات موصول ہوئی ہیں۔دریں اثناء ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے انچارج پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر نے حکومت اور انتظامیہ کی جانب سے زلزلہ متاثرین کیلئے لگائے لگائے شکایات سیل کو بند کرنے کی مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ اس معاملے کو آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں اٹھایا جائے گا اور تمام رکاوٹوں کے باوجود متاثرین زلزلہ کو انصاف دلانے کی کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔

## آزاد کشمیر میں متاثرین زلزلہ کی امداد کیلئے لگائے گئے ایم کیو ایم کے کیمپ کو پولیس کی جانب سے اکھاڑنا قابل مذمت ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔11، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم آزاد کشمیر کی جانب سے زلزلہ متاثرین سے درخواستیں جمع کرنے کے سلسلے میں لگائے گئے کیمپ کو پولیس کی جانب سے اکھاڑنے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ آزاد کشمیر میں ایم کیو ایم کی پرامن سیاسی سرگرمیوں کو طاقت سے دبانے کا سلسلہ بند کیا جائے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ 8 اکتوبر 2005ء کو آزاد کشمیر میں آنے والے قیامت خیز زلزلے کے بیشتر متاثرین مسلسل یہ شکایت کررہے ہیں کہ حکومت کی جانب سے انہیں اعلان کردہ امداد تاحال نہیں مل سکی۔ایم کیو ایم نے زلزلے کے متاثرین کی اس پریشانی کے پیش نظر آج آزاد کشمیر کے علاقے چھتر میں یہ کیمپ لگایا تھا تاکہ امداد سے محروم متاثرین سے ان کی درخواستیں وصول کرکے انہیں حکومت سے امداد دلانے کے عمل کو تیز کیا جائے لیکن آزاد کشمیر پولیس نے ایم کیو ایم کے اس کیمپ کو اکھاڑ دیا، متاثرین کی درخواستیں پھاڑ دیں اور ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے مقامی رہنماؤں اور عہدیداروں سے بہیمانہ سلوک کیا جس کی جتنی بھی مزمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیو ایم نے یہ کیمپ آزاد کشمیر کے زلزلہ زدگان کی مدد کیلئے لگایا تھا اور آزاد کشمیر پولیس کی یہ کارروائی دراصل ایم کیو ایم کے خلاف نہیں بلکہ زلزلے کے متاثرین کے خلاف ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ آزاد کشمیر میں تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں کو ہر طرح کی سیاسی سرگرمیوں، جلسے جلوسوں کی آزادی ہے لیکن ایم کیو ایم کو زلزلے کے متاثرین کی مدد سے بھی بزور طاقت روکا جارہا ہے اور اس کی پرامن سیاسی سرگرمیوں پر پابندی لگائی جارہی ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیو ایم تمام تر رکاوٹوں اور جبر وتشدد کے باوجود آزاد کشمیر کے زلزلے کے متاثرین کو انصاف دلانے کیلئے اپنی پرامن کوششیں جاری رکھے گی۔رابطہ کمیٹی نے صدر جنرل پرویز مشرف، وزیراعظم شوکت عزیز اور آزاد کشمیر کے صدر اور ارباب اختیار سے مطالبہ کیا کہ ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے امدادی کیمپ کو اکھاڑنے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور جمہوری اصولوں اور روایت کو برقرار رکھنے کیلئے سیاسی وسماجی سرگرمیوں کی کھلی آزادی دی جائے۔

☆☆☆☆☆